


# ٱلۡفَجۡر Al-Fajr

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

## Name

**The Surah is so designated after the word *wal-fajr* with which it opens.**

## Period of Revelation

**Its contents show that it was revealed at the stage when persecution of the new converts to Islam had begun in Makkah. On that very basis the people of Makkah have been warned of the evil end of the tribes of Aad and Thamud and of Pharaoh.**

## Theme and Subject Matter

**Its theme is to affirm the meting out of rewards and**

**punishments in the Hereafter, which the people of Makkah were not prepared to acknowledge. Let us consider the reasoning in the order in which it has been presented.**

**First of all, swearing oaths by the dawn, the ten nights, the even and the odd, and the departing night, the listeners have been asked: Are these things not enough to testify to the truth of that which you are refusing to acknowledge? From the explanation that we have given of these four things in the corresponding notes, it will become clear that these things are a symbol of the regularity that exists in the night and day, and swearing oaths by these the question has been asked in the sense: Even after witnessing this wise system established by God, do you still need any other evidence to show that it is not beyond the power of that God Who has brought about this system to establish the Hereafter, and that it is the very requirement of His wisdom that He should call man to account for his deeds?**

**Then, reasoning from man's own history, the evil end of the Aad and the Thamud and Pharaoh has been cited as an example to show that when they transgressed all limits and multiplied corruption in the earth, Allah laid upon them the scourge of His chastisement. This is a proof of the fact that the system of the universe is not being run by deaf and blind forces, nor is the world a lawless kingdom of a corrupt ruler, but a Wise Ruler is ruling over it. The demand of Whose wisdom and justice is continuously visible in the world itself in man's own history that He should call to account, and reward and punish accordingly, the being whom He has blessed with reason and moral**

**sense and given the right of appropriation in the world.**
**After this, an appraisal has been made of the general moral state of human society of which Arab paganism was a conspicuous example; two aspects of it in particular have been criticized: first the materialistic attitude of the people on account of which overlooking the moral good and evil, they regarded only the achievement of worldly wealth, rank and position, or the absence of it, as the criterion of honor or disgrace, and had forgotten that neither riches was a reward nor poverty a punishment, but that Allah is trying man in both conditions to see what attitude he adopts when blessed with wealth and how he behaves when afflicted by poverty. Second, the people's attitude under which the orphan child in their society was left destitute on the death of the father. Nobody asked after the poor. Whoever could, usurped the whole heritage left by the deceased parent, and drove away the weak heirs fraudulently. The people were so afflicted with an insatiable greed for wealth that they were never satisfied however much they might hoard and amass. This criticism is meant to make them realize as to why the people with such an attitude and conduct in the life of the world should not be called to account for their misdeeds.**
**The discourse has been concluded with the assertion that accountability shall certainly be held and it will be held on the Day when the divine court will be established. At that time the deniers of the judgment will understand that which they are not understanding now in spite of instruction and admonition, but understanding then will be**

of no avail. The denier will regret and say: Would that I had provided for this Day beforehand while I lived in the world. But his regrets will not save him from Allah's punishment. However, as for the people who would have accepted the truth, which the heavenly books and the Prophets of God were presenting, with full satisfaction of the heart in the world. Allah will be pleased with them and they will be well pleased with the rewards bestowed by Allah. They will be called upon to join the righteous and enter Paradise.

## نام

پہلے ہی لفظ والفجر کو اس کا نام قرار دیا گیا ہے

## زمانۂ نزول

اس کے مضامین سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ اس زمانے میں نازل ہوئی تھی جب مکۂ معظمہ میں اسلام قبول کرنے والوں کے خلاف ظلم کی چکی چلنی شروع ہو چکی تھی۔ اسی بنا پر اہل مکہ کو عاد اور ثمود اور فرعون کے انجام سے خبردار کیا گیا ہے۔

## موضوع اور مضمون

اس کا موضوع آخرت کی جزا اور سزا کا اثبات ہے جس کا اہل مکہ انکار کر رہے تھے۔ اس مقصد کے لیے جس طرح ترتیب وار استدلال کیا گیا ہے، اس کو اسی ترتیب کے ساتھ غور سے دیکھیے۔

سب سے پہلے فجر اور دس راتوں اور جفت اور طاق، اور رخصت ہوتی ہوئی رات کی قسم کھا کر سامعین سے سوال کیا گیا ہے کہ جس بات کا تم انکار کر رہے ہو اس کے برحق ہونے کی شہادت دینے کے لیے کیا یہ چیزیں کافی نہیں ہیں؟ یہ چیزیں اس باقاعدگی کی علامت ہیں جو شب و روز کے نظام میں پائی جاتی ہے، اور ان کی قسم کھا کر یہ سوال اس معنی میں کیا گیا ہے کہ خدا کے قائم کیے ہوئے اس حکیمانہ نظام کو دیکھنے کے بعد بھی کیا اس امر کی شہادت دینے کے لیے کسی اور چیز کی ضرورت باقی رہ جاتی ہے کہ یہ نظام جس خدا نے قائم کیا ہے

اس کی قدرت سے یہ بعید نہیں ہے کہ وہ آخرت برپا کرے، اور اس کی حکمت کا یہ تقاضا ہے کہ انسان سے اس کے اعمال کی بازپرس کرے۔

اس کے بعد انسانی تاریخ سے استدلال کرتے ہوئے بطور مثال عاد اور ثمود اور فرعون کے انجام کو پیش کیا گیا ہے کہ جب وہ حد سے گزر گئے اور زمین میں انہوں نے بہت فساد مچایا تو اللہ کے عذاب کا کوڑا ان پر برس گیا۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ کائنات کا نظام کچھ اندھی بہری طاقتیں نہیں چلا رہی ہیں، نہ یہ دنیا کسی چوپٹ راجہ کی اندھیر نگری ہے، بلکہ ایک فرمانروائے حکیم و دانا اس پر حکمرانی کر رہا ہے جس کی حکمت اور عدل یہ تقاضا خود اس دنیا میں انسانی تاریخ کے اندر مسلسل نظر آتا ہے کہ عقلی اور اخلاقی حس دے کر جس مخلوق کو اس نے یہاں تصرف کے اختیارات دیے ہیں اس کا محاسبہ کرے اور اسے جزا اور سزا دے۔
اس کے بعد انسانی معاشرے کی عام اخلاقی حالت کا جائزہ لیا گیا ہے جس میں عرب جاہلیت کی حالت تو اس وقت سب کے سامنے عملاً نمایاں تھی، اور خصوصیت کے ساتھ اس کے دو پہلوؤں پر تنقید کی گئی ہے۔ ایک، لوگوں کا مادہ پرستانہ نقطۂ نظر جس کی بنا پر وہ اخلاق کی بھلائی اور برائی کو نظرانداز کر کے محض دنیا کی دولت اور جاہ و منزلت کے حصول یا فقدان کو عزت و ذلت کا معیار قرار دیے بیٹھے تھے اور اس بات کو بھول گئے تھے کہ نہ دولت مندی کوئی انعام ہے، نہ رزق کی تنگی کوئی سزا، بلکہ اللہ تعالیٰ ان دونوں حالتوں میں انسان کا امتحان لے رہا ہے کہ دولت پا کر وہ کیا رویہ اختیار کرتا ہے اور تنگ دستی میں مبتلا ہو کر کس روش پر چل پڑتا ہے۔ دوسرے، لوگوں کا یہ طرز عمل کہ یتیم بچہ باپ کے مرتے ہی ان کے ہاں کس مپرسی میں مبتلا ہو جاتا ہے، غریبوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا، جس کا بس چلتا ہے مردے کی ساری میراث سمیٹ کر بیٹھ جاتا ہے اور کمزور حق داروں کو دھتکار دیتا ہے اور مال کی حرص لوگوں کو ایک ایسی نہ بجھنے والی پیاس کی طرح لگی ہوئی ہے کہ خواہ کتنا ہی مال مل جائے ان کا دل سیر نہیں ہوتا۔ اس تنقید سے مقصود لوگوں کو اس بات کا قائل کرنا ہے کہ دنیا کی زندگی میں جن انسانوں کا یہ طرز عمل ہے ان کا محاسبہ آخر کیوں نہ ہو۔

پھر کلام کو اس بات پر ختم کیا گیا ہے کہ محاسبہ ہوگا اور ضرور ہوگا اور وہ اس روز ہوگا جب اللہ تعالیٰ کی عدالت قائم ہوگی۔ اس وقت جزا و سزا کا انکار کرنے والوں کی سمجھ میں وہ بات آجائے گی جسے آج وہ سمجھانے سے

نہیں مان رہے ہیں، مگر اس وقت سمجھنے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ منکر انسان ہاتھ ملتا ہی رہ جائے گا کہ کاش میں نے دنیا میں اِس دن کے لیے کوئی سامان کیا ہوتا۔ مگر یہ ندامت اسے خدا کی سزا سے نہ بچا سکے گی۔ البتہ جن انسانوں نے دنیا میں پورے اطمینان قلب کے ساتھ اس حق کو قبول کر لیا ہوگا جسے آسمانی صحیفے اور خدا کے انبیاء پیش کر رہے تھے، خدا ان سے راضی ہوگا اور وہ خدا کے عطا کردہ اجر سے راضی ہوں گے، انہیں دعوت دی جائے گی کہ وہ اپنے رب کے پسندیدہ بندوں میں شامل ہوں اور جنت میں داخل ہو جائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful. | اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ |
| 1. By the dawn. | قسم ہے فجر کی۔ | وَ الۡفَجۡرِ ۙ﴿۱﴾ |
| 2. And the ten nights. | اور دس راتوں کی۔ | وَ لَیَالٍ عَشۡرٍ ۙ﴿۲﴾ |
| 3. And the even and the odd. | اور جفت اور طاق کی۔ | وَّ الشَّفۡعِ وَ الۡوَتۡرِ ۙ﴿۳﴾ |
| 4. And the night when it departs. | اور رات کی جب وہ جانے لگے۔ | وَ الَّیۡلِ اِذَا یَسۡرِ ۚ﴿۴﴾ |
| 5. Is there in that an oath for one with sense. *1 | کیا اس میں قسم ہے عقل مند کے لئے۔ *1 | ہَلۡ فِیۡ ذٰلِکَ قَسَمٌ لِّذِیۡ حِجۡرٍ ؕ﴿۵﴾ |

*1 Much difference of opinion has been expressed by the commentators in the commentary of these verses, so much so that in respect of "the even and the odd" there are as many as 36 different views. In some traditions the commentary of these verses has also been attributed to the Prophet (peace be upon him), but the fact is that no commentary is confirmed from him, otherwise it was not

**possible that anyone from among the companions, their immediate successors, and later commentators would have dared to determine the meaning of these verses by themselves after the commentary by the Prophet (peace be upon him).**

**After a study of the style one clearly feels that there was an argument already in progress in which the Prophet (peace be upon him) was presenting something and the disbelievers were denying it. At this, affirming what the Prophet (peace be upon him) presented, it was said: By such and such a thing, so as to say: By these things, what Muhammad (peace be upon him) says is wholly based on the truth. Then, the argument is concluded with the question: Is there an oath in it for a man of understanding. That is, is there a need for yet another oath to testify to the truth of this matter. Is this oath not enough to persuade a sensible man to accept that which Muhammad (peace be upon him) is presenting.**

**Now the question arises: what was the argument for the sake of which an oath was sworn by these four things? For this we shall have to consider the whole theme which, in the following verses, commences with: Have you not seen how your Lord dealt with the Aad, and continues till the end of the Surah. It shows that the argument concerned the rewards and punishments of the Hereafter, which the people of Makkah were refusing to acknowledge and the Messenger (peace be upon him) was trying to convince them of this by constant preaching and instruction. At this oaths were sworn by the dawn, the ten nights, the even and**

**the odd, and the departing night to assert: Are these four things not enough to convince a sensible man of the truth of this matter so that he may need yet another evidence for it? After having determined the significance of these oaths in the context, we would inevitably have to take each of these in the meaning relevant to the subsequent theme. First of all, it is said: By Fajr. Fajr is the breaking of day, i.e. the time when the first rays of the light of day appear in the midst of the darkness of night as a white streak from the east. Then, it is said: By the ten nights. If the context is kept in view, it will become plain that it implies each group of the ten nights among the thirty nights of the month, the first ten nights being those during which the crescent moon starting as a thin nail, goes on waxing every night until its major portion becomes bright. The second group of the ten nights being those during which the greater part of the night remains illumined by the moon. And the last ten nights being those during which the moon goes on waning and the nights becoming more and more dark until by the end of the month the whole night becomes absolutely dark. Then, it is said: By the even and the odd. Even is the number which is divisible into two equal parts, as 2, 4, 6, 8, and the odd the number which is not so divisible, as l, 3, 5, 7. Generally, it may imply everything in the universe, for things in the universe either exist in pairs or as singles. But since the context here concerns the day and the night, the even and the odd mean the alternation of day and night in the sense that the dates of the month go on changing from the first to the second, and from second to the third, and**

**every change brings with it a new state. Last of all, it is said: By the night when it is departing, i.e. when the darkness which had covered the world since sunset may be at the verge of disappearing and the day be dawning. Now let us consider as a whole the four things an oath by which has been sworn to assert that the news which Muhammad (peace be upon him) is giving of the meting out of rewards and punishments is wholly based on the truth. All these things point to the reality that an all-Powerful Sustainer is ruling over this universe and nothing of what He is doing is absurd, purposeless, or lacking wisdom. On the contrary, a wise plan clearly underlies whatever He does. In His world one will never see that while it is night, the midday sun should suddenly appear overhead, or that the moon should appear one evening in the shape of the crescent and be followed next evening by the full moon, or that the night, when it falls, should never come to an end, but should become perpetual, or that there should be no system in the alternation of the day and night so that one could keep a record of the dates and know what month was passing, what was the date, on what date a particular work is to begin, and when it is to finish, what are the dates of the summer season and what of the rainy or winter season. Apart from countless other things of the universe if man only considers this regularity of the day and night intelligently and seriously, he will find evidence of the truth that this relentless discipline and order has been established by an Omnipotent Sovereign God; with it are connected countless of the advantages of the creatures whom He has**

**created on the earth. Now, if a person living in the world of such a Wise, Omnipotent and All-Mighty Creator denies the rewards and punishments of the Hereafter, he inevitably commits one of the two errors: either he is a denier of His powers and thinks that though He has the power to create the universe with such matchless order and discipline, He is powerless to recreate man and mete out rewards and punishments to him or he denies His wisdom and knowledge and thinks that although He has created man with intellect and powers in the world, yet He will neither ever call him to account as to how he used his intellect and his powers, nor will reward him for his good deeds, nor punish him for his evil deeds. The one who believes in either is foolish in the extreme.**

**1*** اِن آیات کی تفسیر میں مفسرین کے درمیان بہت اختلاف ہوا ہے، حتیٰ کہ "جفت اور طاق" کے بارے میں تو ۳۶ اقوال ملتے ہیں۔ بعض روایات میں ان کی تفسیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھی منسوب کی گئی ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ کوئی تفسیر حضورؐ سے ثابت نہیں ہے، ورنہ ممکن نہ تھا کہ صحابہ اور تابعین اور بعد کے مفسرین میں سے کوئی بھی آپؐ کی تفسیر کے بعد خود اِن آیات کے معنی متعین کرنے کی جرأت کرتا۔

اندازِ بیان پر غور کرنے سے صاف محسوس ہوتا ہے کہ پہلے سے کوئی بحث چل رہی تھی جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بات پیش فرما رہے تھے اور منکرین ان کا انکار کر رہے تھے۔ اِس پر رسولؐ کے قول کا اثبات کرتے ہوئے فرمایا گیا کہ قسم ہے فلاں اور فلاں چیزوں کی۔ مطلب یہ تھا کہ اِن چیزوں کی قسم، جو کچھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہہ رہے ہیں وہ برحق ہے۔ پھر بات کو اِس سوال پر ختم کر دیا گیا کہ کیا کسی صاحب عقل کے لیے اس میں کوئی قسم ہے؟ یعنی کیا اِس حق بات پر کوئی شہادت دینے کے لیے اس کے بعد کسی اور

قسم کی ضرورت باقی رہ جاتی ہے؟ کیا یہ قسم اس کے لیے کافی نہیں ہے کہ ایک ہوشمند انسان اُس بات کو مان لے جسے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیش کر رہے ہیں؟

اب سوال یہ ہے کہ وہ بحث تھی کیا جس پر ان چار چیزوں کی قسم کھائی گئی۔ اس کے لیے ہمیں اُس پورے مضمون پر غور کرنا ہوگا جو بعد کی آیتوں میں "تم نے دیکھا نہیں کہ تمہارے ربّ نے عاد کے ساتھ کیا کیا" سے شروع ہوکر سورۃ کے آخر تک چلتا ہے۔ اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ بحث جزا و سزا کے بارے میں تھی جس کو ماننے سے اہلِ مکہ انکار کر رہے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اس کا قائل کرنے کے لیے مسلسل تبلیغ و تلقین فرما رہے تھے۔ اس پر فجر، اور دس راتوں اور جفت اور طاق، اور رُخصت ہوتی ہوئی رات کی قسم کھا کر فرمایا گیا کہ اس بات کو باور کرنے کے لیے کیا یہ چار چیزیں کافی نہیں ہیں کہ کسی صاحب عقل آدمی کے سامنے اور کوئی چیز پیش کرنے کی ضرورت ہو؟

اِن قسموں کا یہ موقع و محل متعین ہو جانے کے بعد لامحالہ ہمیں اِن میں سے ہر ایک کے وہ معنی لینے ہوں گے جو بعد کے مضمون پر دلالت کرتے ہوں۔ سب سے پہلے فرمایا "فجر کی قسم۔" فجر پو پھٹنے کو کہتے ہیں، یعنی وہ وقت جب رات کی تاریکی میں سے دن کی ابتدائی روشنی مشرق کی طرف ایک سفید دھاری کی شکل میں نمودار ہوتی ہے۔ پھر فرمایا "دس راتوں کی قسم۔" سلسلۂ بیان کو نگاہ میں رکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس سے مراد مہینے کی تیس راتوں میں سے ہر دس راتیں ہیں۔ پہلی دس راتیں وہ جن میں چاند ایک باریک ناخن کی شکل سے شروع ہوکر ہر رات کو بڑھتا رہتا ہے یہاں تک کہ آدھے سے زیادہ روشن ہو جاتا ہے۔ دوسری دس راتیں وہ جن میں رات کا بڑا حصہ چاند سے روشن رہتا ہے۔ آخری دس راتیں وہ جن میں چاند چھوٹے سے چھوٹا اور رات کا بیشتر حصہ تاریک سے تاریک تر ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ مہینے کے خاتمے پر پوری رات تاریک ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد فرمایا "جفت اور طاق کی قسم"۔ جفت اُس عدد کو کہتے ہیں جو دو برابر کے حصوں میں تقسیم ہوتا ہے، جیسے ۲۔۴۔۶۔۸۔ اور طاق اُس عدد کو کہتے ہیں جو تقسیم نہیں ہوتا، جیسے ۱۔۳۔۵۔۷۔ عمومی حیثیت سے دیکھا جائے تو اِس سے مراد کائنات کی تمام چیزیں ہو سکتی ہیں۔ چونکہ ہر چیز یا تو جوڑا جوڑا ہے یا تنہا۔ لیکن چونکہ یہاں بات دن اور رات کی ہو رہی ہے، اس لیے سلسلۂ مضمون کی

مناسبت سے جفت اور طاق کا مطلب تغیرِایام ہے کہ مہینے کی تاریخیں ایک سے دو اور دو سے تین ہوتی جاتی ہیں اور ہر تغیر ایک نئی کیفیت لے کر آتا ہے۔ آخر میں فرمایا "رات کی قسم جب کہ وہ رُخصت ہو رہی ہو۔" یعنی وہ تاریکی جو سورج غروب ہونے کے بعد سے دنیا پر چھائی ہوئی تھی، خاتمے پر آلگی ہو اور پو پھٹنے والی ہو۔

اب ان چاروں چیزوں پر ایک مجموعی نگاہ ڈالیے جن کی قسم اس بات پر کھائی گئی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جزا و سزا کی جو خبر دے رہے ہیں وہ برحق ہے۔ یہ سب چیزیں اس حقیقت پر دلالت کر رہی ہیں کہ ایک ربِّ قدیر اِس کائنات پر فرمانروائی کر رہا ہے اور وہ جو کام بھی کر رہا ہے وہ بے تکا، بے مقصد، بے حکمت، بے مصلحت نہیں کر رہا ہے بلکہ اُس کے ہر کام میں صریحاً ایک حکیمانہ منصوبہ کار فرما ہے۔ اُس کی دنیا میں تم یہ کبھی نہ دیکھو گے کہ ابھی رات ہے اور یکایک سورج نصف النہار پر آکھڑا ہوا۔ یا ایک روز چاند ہلال کی شکل میں طلوع اور دوسرے روز چودھویں رات کا پورا چاند نمودار ہو جائے۔ یا رات آئی ہو تو کسی طرح اس کے ختم ہونے کی نوبت ہی نہ آئے اور وہ مستقل طور پر ٹھہر کر رہ جائے۔ یا تغیرِ ایام کا سرے سے کوئی باقاعدہ سلسلہ ہی نہ ہو کہ آدمی تاریخوں کا کوئی حساب رکھ سکے اور یہ جان سکے کہ یہ کون سا مہینہ ہے، اِس کی کون سی تاریخ ہے، کس تاریخ سے اُس کا کون سا کام شروع اور کب ختم ہونا ہے، گرمی کے موسم کی تاریخیں کون سی ہیں اور برسات یا سردی کے موسم کی تاریخیں کون سی۔ کائنات کی دوسری بے شمار چیزوں کو چھوڑ کر اگر آدمی شب و روز کی اِس باقاعدگی ہی کو آنکھیں کھول کر دیکھے اور کچھ دماغ کو سوچنے کی تکلیف بھی دے تو اسے اس امر کی شہادت ملے گی کہ یہ زبردست نظم و ضبط کسی قادر مطلق کا قائم کیا ہوا ہے اور اس کے قیام سے اس مخلوق کی بے شمار مصلحتیں وابستہ ہیں جسے اس نے اس زمین پر پیدا کیا ہے۔ اب اگر ایسے حکیم و دانا اور قادر و توانا خالق کی دنیا میں رہنے والا کوئی شخص آخرت کی جزا و سزا کا انکار کرتا ہے تو وہ دو حماقتوں میں سے کسی ایک حماقت میں لا محالہ مبتلا ہے۔ یا تو وہ اُس کی قدرت کا منکر ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ وہ اس کائنات کو ایسے بے نظیر نظم کے ساتھ پیدا کر دینے پر تو قادر ہے مگر انسان کو دوبارہ پیدا کر کے اُسے جزا و سزا دینے پر قادر نہیں ہے۔ یا وہ اس کی حکمت و دانائی کا منکر ہے اور اس کے بارے میں یہ سمجھ بیٹھا ہے کہ اس نے دنیا میں انسان کو عقل اور اختیارات دے کر پیدا تو کر دیا مگر وہ نہ تو اس سے کبھی یہ حساب لے گا کہ اُس نے اپنی عقل

اور اپنے اختیارات سے کیا کام لیا، اور نہ اچھے کام کی جزا دے گا اور نہ برے کام کی سزا۔ اِن دونوں باتوں میں جس بات کا بھی کوئی شخص قائل ہے وہ پرلے درجے کا احمق ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| اَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۙ﴿۶﴾ | کیا *2 نہیں دیکھا تم نے کہ کیا کیا تمہارے رب نے عاد کے ساتھ ۔ | 6. Have you*2 not considered how dealt your Lord with Aad. |

*2 After reasoning out the judgment from the system of day and night, now an argument is being given from man's own history for its being a certainty. The mention of the conduct of a few well known tribes of history and their ultimate end is meant to point out that the universe is not working under some deaf and blind law of nature, but a Wise God is ruling over it, and in the Kingdom of that God only one law, which man describes as the law of nature is not working, but a moral law also is operative, which necessarily calls for retribution and rewards and punishments. The results of the working of the law have been appearing over and over again even in this world, which point out to the people of understanding as to what is the nature of the kingdom of the universe. Any nation which carved out a system of life for itself, heedless of the Hereafter and of the rewards and punishments of God, was ultimately corrupted and depraved, and whichever nation followed this way, was eventually visited with the scourge of punishment by the Lord of the universe. This continuous experience of man's own history testifies to two things clearly:

(1) That denial of the Hereafter has been instrumental in corrupting every nation and sending it ultimately to its

**doom; therefore, the Hereafter indeed is a reality clashing with which leads, as it has always led, to the same inevitable results.**

**(2) That retribution for deeds will at some time in the future take place in its full and complete form also, for the people who touched the extreme limits of corruption and depravity and were visited with punishment had been preceded by many others who had sown seeds of corruption for centuries and left the world without being visited by any scourge. The justice of God demands that all those people also should be called to account at some time and they too should suffer for their misdeeds. Argument from history and morals for the Hereafter has been given at many places in the Quran and we have explained it everywhere accordingly. For example, see E.Ns 5, 6 of Surah Al-Aaraf; E.N. 12 of Surah Younus; E.Ns 57, 105, 115 of Surah Houd; E.N. 9 of Surah Ibrahim; E.Ns 66, 86 of Surah An-Naml; E.N. 8 of Surah Ar-Room; E.N. 25 of Surah Saba; E.Ns 29, 30 of Surah Suad; E.N. 80 of Surah Al-Momin; E.Ns 33, 34 of Surah Ad-Dukhan; E.Ns 27, 28 of Surah Al-Jathiah; E.N. 17 of Surah Qaf; E.N. 21 of Surah Adh-Dhariyat.**

2* جزا و سزا پر شب و روز کے نظام سے استدلال کرنے کے بعد اب اس کے ایک یقینی حقیقت ہونے پر انسانی تاریخ سے استدلال کیا جا رہا ہے۔ تاریخ کی چند معروف قوموں کے طرزِ عمل اور ان کے انجام کے ذکر سے مقصود یہ بتانا ہے کہ یہ کائنات کسی اندھے بہرے قانونِ فطرت پر نہیں چل رہی ہے بلکہ ایک خدائے حکیم اس کو چلا رہا ہے اور اس خدا کی خدائی میں صرف ایک وہی قانون کارفرما نہیں ہے جسے تم قانونِ فطرت سمجھتے ہو، بلکہ ایک قانونِ اخلاق بھی کارفرما ہے جس کا لازمی تقاضا مکافاتِ عمل اور جزا اور سزا ہے۔ اس قانون کی کارفرمائی کے آثار خود اس دنیا میں بھی بار بار ظاہر ہوتے رہے ہیں جو عقل رکھنے والوں کو یہ بتاتے

ہیں کہ سلطنتِ کائنات کا مزاج کیا ہے۔ یہاں جن قوموں نے بھی آخرت سے بے فکر اور خدا کی جزا و سزا سے بے خوف ہو کر اپنی زندگی کا نظام چلایا وہ آخر کار فاسد و مفسد بن کر رہیں، اور جو قوم بھی اس راستے پر چلی اُس پر کائنات کے ربّ نے آخر کار عذاب کا کوڑا برسا دیا۔ انسانی تاریخ کا یہ مسلسل تجربہ دو باتوں کی واضح شہادت دے رہا ہے۔ ایک یہ کہ آخرت کا انکار ہر قوم کو بگاڑنے اور بالآخر تباہی کے غار میں دھکیل دینے کا موجب ہوا ہے اس لیے آخرت فی الواقع ایک حقیقت ہے جس سے ٹکرانے کا نتیجہ وہی ہوتا ہے جو ہر حقیقت سے ٹکرانے کا ہوا کرتا ہے۔ دوسرے یہ کہ جزائے اعمال کسی وقت مکمل طور پر بھی واقع ہونے والی ہے، کیونکہ فساد کی آخری حد پر پہنچ کر عذاب کا کوڑا جن لوگوں پر برسا ان سے پہلے صدیوں تک بہت سے لوگ اس فساد کے بیج بو کر دنیا سے رخصت ہو چکے تھے اور اُن پر کوئی عذاب نہ آیا تھا۔ خدا کے انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ کسی وقت اُن سب کی باز پرس بھی ہو اور وہ بھی اپنے کیے کی سزا پائیں (قرآن مجید میں آخرت پر یہ تاریخی اور اخلاقی استدلال جگہ جگہ کیا گیا ہے اور ہم نے ہر جگہ اس کی تشریح کی ہے۔ مثال کے طور پر حسبِ ذیل مقامات ملاحظہ ہوں: تفہیم القرآن، جلد دوم، الاعراف، حواشی ۵-۶۔ یونس، حاشیہ ۱۲۔ ہود، حواشی ۱۰۵-۱۱۵-۵۷۔ ابراہیم، حاشیہ ۹۔ جلد سوم، النمل، حواشی ۶۶-۸۶۔ الروم، حاشیہ ۸۔ جلد چہارم، سبا، حاشیہ ۲۵۔ صٓ، حواشی ۲۹-۳۰۔ المومن، حاشیہ ۸۰۔ الدّخان، حواشی ۳۳-۳۴۔ الجاثیہ، حواشی ۲۷-۲۸۔ جلد پنجم، قٓ، حاشیہ ۱۷۔ الذّاریات، حاشیہ ۲۱)۔

| | | |
|---|---|---|
| 7. Iram of lofty pillars. *3 | ارم دراز ستونوں والے۔ *3 | اِرَمَ ذَاتِ الۡعِمَادِ ۪ۙ﴿۷﴾ |

*3 Aad Iram implies the ancient tribe of Aad, who have been called Aad-ula in the Quran and Arabian history. In Surah An-Najm, it has been said: And that We destroyed the ancient people of Aad (verse 50), i.e. the Aad to whom the Prophet Houd (peace be upon him) had been sent, and who were punished with a scourge. As against them the people of Aad who remained safe and flourished afterwards are remembered as Aad-ukhra in Arabian history. The

**ancient Aad are called Aad-lram for the reason that they belonged to that branch of the Semetic race which descended from Iram, son of Shem, son of Noah (peace be upon him). Several other sub-branches of this main branch are well known in history. One of which were the Thamud, who have been mentioned in the Quran; another are the Aramaeans, who in the beginning inhabited the northern parts of Syria and whose language Aramaic occupies an important place among the Semetic languages. The words *dhat-ul-imad* (of lofty pillars) have been used for the Aad because they built high buildings and the pattern of architecture of erecting edifices on lofty pillars was introduced by them in the world. At another place in the Quran this characteristic has been mentioned in connection with the Prophet Houd (peace be upon him), who said to them: What, you erect for mere pleasure a monument on every high spot, and build huge castles as if you were immortal. (Surah Ash-Shuara, Ayats 128-129).**

**3*** عادِ ارم سے مراد قدیم قوم عاد ہے جسے قرآن مجید اور تاریخِ عرب میں عادِ اولیٰ کا نام دیا گیا ہے۔ سورہ نجم میں فرمایا گیا ہے کہ وَ اَنَّهٗۤ اَهۡلَكَ عَادَا ۨ الۡاُوۡلٰى (آیت نمبر ۵۰) ”اور یہ کہ اُس نے قدیم قومِ عاد کو ہلاک کیا“، یعنی اُس قومِ عاد کو جس کی طرف حضرت ہودؑ بھیجے گئے تھے اور جس پر عذاب نازل ہوا تھا۔ اُس کے مقابلے میں تاریخِ عرب اِس قوم کے اُن لوگوں کو جو عذاب سے بچ کر بعد میں پھلے پھولے تھے عادِ اُخریٰ کے نام سے یاد کرتی ہے۔ قدیم قومِ عاد کو عادِ ارم اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ سامی نسل کی اُس شاخ سے تعلق رکھتے تھے جو ارم بن سام بن نوحؑ سے چلی تھی۔ اسی شاخ کی کئی دوسری ضمنی شاخیں تاریخ میں مشہور ہیں جن میں سے ایک ثمود ہیں جن کا ذکر قرآن میں آیا ہے اور دوسرے آرامی (Aramaeans) ہیں جو ابتداءً شام کے شمالی علاقوں میں آباد تھے اور جن کی زبان آرامی (Aramaic) سامی زبانوں میں بڑا اہم مقام رکھتی

ہے۔

عاد کے لیے ذات العماد (اُونچے ستونوں والے) کے الفاظ اس لیے استعمال کیے گئے ہیں کہ وہ بڑی بڑی بلند عمارتیں بناتے تھے اور دنیا میں اُونچے ستونوں پر عمارتیں کھڑی کرنے کا طریقہ سب سے پہلے اُنہی نے شروع کیا تھا۔ قرآن مجید میں دوسری جگہ اُن کی اس خصوصیت کا ذکر اِس طرح کیا گیا ہے کہ حضرت ہودؑ نے اُن سے فرمایا اَتَبۡنُوۡنَ بِكُلِّ رِيۡعٍ اٰيَةً تَعۡبَثُوۡنَ١٢٨ ۰۰ وَتَتَّخِذُوۡنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمۡ تَخۡلُدُوۡنَ‌ۚ ١٢٩ ۰۰ "یہ تمہارا کیا حال ہے کہ ہر اُونچے مقام پر لا حاصل ایک یادگار عمارت بنا ڈالتے ہو اور بڑے بڑے قصر تعمیر کرتے ہو گویا تمہیں ہمیشہ یہاں رہنا ہے۔" (الشعراء، آیات ۱۲۸-۱۲۹)۔

| | | |
|---|---|---|
| الَّتِىۡ لَمۡ يُخۡلَقۡ مِثۡلُهَا فِى الۡبِلَادِ ۙ ۸ | وہ کہ نہیں پیدا گئی تھی اس کی مثل ملکوں میں۔ *4 | 8. That, had never been created the like of which in the lands. *4 |

*4 That is, they were a matchless people of their time; no other nation in the world compares with them in strength, glory and grandeur. At other places in the Quran, it has been said about them: Your Lord made you very robust. (Surah Al-Aaraf, Ayat 69). As for the Aad, they became arrogant with pride in the land, without any right, and said: Who is stronger than us in might. (Surah HaMim As-Sajdah, Ayat 15). When you seized somebody, you seized him like a tyrant. (Surah Ash-Shuara, Ayat 130).

*4 یعنی وہ اپنے زمانے کی ایک بے نظیر قوم تھے، اپنی قوت اور شان و شوکت کے اعتبار سے کوئی قوم اُس وقت دنیا میں اُن کی ٹکر کی نہ تھی۔ قرآن میں دوسرے مقامات پر ان کے متعلق فرمایا گیا ہے وَزَادَكُمۡ فِى الۡخَلۡقِ بَصۜۡطَةً‌ۚ "تم کو جسمانی ساخت میں خوب تنومند کیا" (الاعراف، آیت ۶۹)۔ فَاَمَّا عَادٌ فَاسۡتَكۡبَرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ بِغَيۡرِ الۡحَـقِّ وَقَالُوۡا مَنۡ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ "رہے عاد تو اُنہوں نے زمین میں کسی حق کے بغیر اپنی بڑائی کا گھمنڈ کیا اور

کہنے لگے کون ہے ہم سے زیادہ زور آور؟" (حٰمٓ السجدہ، آیت ۱۵) ۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ، "اور تم نے جب کسی پر ہاتھ ڈالا جبار بن کر ڈالا" (الشعراء، آیت ۱۳۰)۔

| | | |
|---|---|---|
| 9. And Thamud who had carved out the rocks in the valley. *5 | اور ثمود جو تراشتے تھے چٹانیں وادی میں۔ *5 | وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۙ﴿۹﴾ |

*5 The valley: Wad-il-Qura, where the Thamud carved out dwellings in the mountains, and probably in history they were the first people who started cutting out such buildings into the rocks. (For details, see E.Ns 57, 59 of Surah Al-Aaraf; E.N. 45 of Surah Al-Hijr; E.Ns 95, 99 of Surah Ash-Shuara).

*5 وادی سے مراد وادی القریٰ ہے جہاں اس قوم نے پہاڑوں کو تراش تراش کر اُن کے اندر عمارتیں بنائی تھیں اور غالباً تاریخ میں وہ پہلی قوم ہے جس نے چٹانوں کے اندر اس طرح کی عمارتیں بنانے کا سلسلہ شروع کیا تھا (تفصیل کے ملاحظہ ہو، تفہیم القرآن، جلد دوم، الاعراف، حواشی ۵۷-۵۹۔ الحجر، حاشیہ ۴۵۔ جلد سوم، الشعراء، حواشی ۹۵-۹۹ مع تصاویر)۔

| | | |
|---|---|---|
| 10. And Pharaoh of the stakes. *6 | اور فرعون میخوں والے۔ *6 | وَفِرْعَوْنَ ذِي الْاَوْتَادِ ۙ﴿۱۰﴾ |

*6 The words *dhul-autad* (of the stakes) for Pharaoh have also been used in Surah Suad, Ayat 12. This can have several meanings. Possibly his forces have been compared to the stakes, and "of the stakes" means "of great forces", for it was by their power and might that he ruled a firmly established kingdom; it might also imply multiplicity of forces, and the meaning may be that wherever his large armies camped, pegs of the tents were seen driven into the

ground on every side; it may also imply the stakes at which he punished the people, and it is also possible that the pyramids of Egypt have been compared to the stakes, for they are the remnants of the grandeur and glory of the Pharaohs, and seem to have been driven into the ground like stakes for centuries.

*6 فرعون کے لیے ذوالْاَوْتاد (میخوں والا) کے الفاظ اس سے پہلے سورۂ صٓ، آیت ۱۲ میں بھی استعمال ہوئے ہیں۔ اس کے کئی مطلب ہوسکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ اُس کی فوجوں کو میخوں سے تشبیح دی گئی ہو اور میخوں والا کا مطلب فوجوں والا ہو۔ کیونکہ انہی کی بدولت اُس کی سلطنت اس طرح جمی ہوئی تھی جیسے خیمہ میخوں کے ذریعے سے مضبوطی کے ساتھ قائم ہوتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے مراد فوجوں کی کثرت ہو اور مطلب یہ ہوکہ اس کے لشکر جہاں بھی جاکر ٹھہرتے تھے وہاں ہر طرف ان کے خیموں کی میخیں ہی میخیں ٹھکی نظر آتی تھیں۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس سے مراد وہ میخیں ہوں جن سے ٹھونک کر وہ لوگوں کو عذاب دیتا تھا۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ اہرام مصر کو میخوں سے تشبیح دی گئی ہو کیونکہ وہ فراعنہ کی عظمت و شوکت کے وہ آثار ہیں جو صدیوں سے زمین پر جمے کھڑے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 11. Those who transgressed in the lands. | وہ جو سرکش ہو رہے تھے ملکوں میں۔ | الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۟ ۱۱ |
| 12. And much spread therein corruption. | پس کرتے تھے بہت ان میں فساد۔ | فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۟ ۱۲ |
| 13. So your Lord poured on them a scourge of punishment. | تو برسا دیا ان پر تمہارے رب نے کوڑا عذاب کا۔ | فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۟ ۱۳ |
| 14. Indeed, your Lord is ever | بیشک تمہارا رب گھات میں | اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۟ ۱۴ |

| | | |
|---|---|---|
| watchful. *7 | ہے۔*7 | |

*7 The words “ever watchful in ambush” have been used metaphorically for keeping watch on the movements and activities of the wicked and mischievous people. An ambush is a place where a person lies hiding in wait to attack somebody by surprise. The victim, thoughtless of his fate, comes and falls a prey. The same is the case against Allah of those wicked people who spread mischief in the world and have no sense and fear that there is God above them, Who is watching all their misdeeds. Therefore, they go on committing everyday more and more evils fearlessly until they reach the limit which Allah does not permit them to transgress. At that very moment His scourge descends upon them suddenly.

*7ظالموں اور مفسدوں کی حرکات پر نگاہ رکھنے کے لیے گھات لگائے ہوئے ہونے کے الفاظ تمثیلی استعارے کے طور پر استعمال کیے گئے ہیں۔ گھات اُس جگہ کو کہتے ہیں جہاں کوئی شخص کسی کے انتظار میں اس غرض کے لیے چھپا بیٹھا ہوتا ہے کہ جب وہ زَد پر آئے اسی وقت اُس پر حملہ کر دے۔ وہ جس کے انتظار میں بیٹھا ہوتا ہے اُسے کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ اُس کی خبر لینے کے لیے کون کہاں چھپا ہوا ہے۔ انجام سے غافل، بے فکری کے ساتھ وہ اُس مقام سے گزرتا ہے اور اچانک شکار ہو جاتا ہے۔ یہی صورتحال اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں اُن ظالموں کی ہے جو دنیا میں فساد کا طوفان برپا کیے رہتے ہیں۔ اُنہیں اس کا کوئی احساس نہیں ہوتا کہ خدا بھی کوئی ہے جو ان کی حرکات کو دیکھ رہا ہے۔ وہ پوری بے خوفی کے ساتھ روز بروز زیادہ سے زیادہ شرارتیں کرتے چلے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ حد آجاتی ہے جس سے آگے اللہ تعالیٰ انہیں بڑھنے نہیں دینا چاہتا اُسی وقت اُن پر اچانک اُس کے عذاب کا کوڑا برس جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 15. Then as for man, *8 when his | مگر یہ کہ انسان۔ *8 جب اس کا ر | فَاَمَّا الۡاِنۡسَانُ اِذَا مَا ابۡتَلٰهُ |

| | | |
|---|---|---|
| Lord tries him, so He honors him and blesses him, then he says: "My Lord has honored me." | ب اسکو آزماتا ہے تو اسے عزت دیتا ہے اور نعمت بخشتا ہے۔ تو وہ کہتا ہے میرے رب نے مجھے عزت بخشی۔ | رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَ نَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ؕ﴿۱۵﴾ |

*8 Now, criticizing the general moral state of the people, it is being said: After all, why shouldn't the men who have adopted such an attitude in the life of the world, be ever called to account, and how can it be regarded as a demand of reason and justice that when man has left the world, after doing all he could, he should never receive any reward or suffer any punishment for his deeds.

*8 اب لوگوں کی عام اخلاقی حالت پر تنقید کر کے یہ بتایا جا رہا ہے کہ دنیا کی زندگی میں یہ رویہ جن انسانوں نے اختیار کر رکھا ہے، آخر کیا وجہ ہے کہ ان سے کبھی باز پرس نہ ہو، اور اس بات کو عقل و اخلاق کا تقاضا کیسے مانا جا سکتا ہے کہ یہ سب کچھ کر کے جب انسان دنیا سے رخصت ہو جائے تو اُسے کسی جزا اور سزا سے سابقہ پیش نہ آئے۔

| | | |
|---|---|---|
| 16. But when He tries him then restricts for him his provision, so he says: "My Lord has humiliated me." *9 | لیکن پھر جب اسے آزماتا ہے تو تنگ کر دیتا ہے اسپر اسکی روزی تو کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کیا۔ *9 | وَ اَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ۚ﴿۱۶﴾ |

*9 This then is man's materialistic view of life. He regards the wealth and position and power of this world alone as everything. When he has it, he is filled with pride and says God has honored me; and when he fails to obtain it, he says: God has humiliated me. Thus, the criterion of honor

and humiliation in his sight is the possession of wealth and position and power, or the absence of it, whereas the truth which he does not understand is that whatever Allah has given anybody in the world has been given for the sake of a trial. If he has given him wealth and power, it has been given for a trial to see whether he becomes grateful for it, or commits ingratitude. If he has made him poor, in this too there is a trial for him to see whether he remains content and patient in the will of God and faces his hardships bravely within permissible bounds, or becomes ready to transgress every limit of morality and honesty and starts cursing his God.

*9یعنی یہ ہے انسان کا مادّہ پرستانہ نظریۂ حیات ۔ اسی دنیا کے مال و دولت اور جاہ و اقتدار کو وہ سب کچھ سمجھتا ہے ۔ یہ چیز ملے تو پھول جاتا ہے اور کہتا ہے کہ خدا نے مجھے عزّت دار بنا دیا، اور یہ نہ ملے تو کہتا ہے کہ خدا نے مجھے ذلیل کر دیا۔ گویا عزّت اور ذلت کا معیار اُس کے نزدیک مال و دولت اور جاہ و اقتدار کا ملنا یا نہ ملنا ہے۔ حالانکہ اصل حقیقت جسے وہ نہیں سمجھتا یہ ہے کہ اللہ نے جس کو دنیا میں جو کچھ بھی دیا ہے آزمائش کے لیے دیا ہے۔ دولت اور طاقت دی ہے تو امتحان کے لیے دی ہے کہ وہ اسے پاکر شکر گزار بنتا ہے یا ناشکری کرتا ہے۔ مفلس اور تنگ حال بنایا ہے کہ تو اس میں بھی اُس کا امتحان ہے کہ صبر اور قناعت کے ساتھ راضی برضا رہتا ہے اور جائز حدُود کے اندر رہتے ہوئے اپنی مشکلات کا مقابلہ کرتا ہے، یا اخلاق و دیانت کی ہر حد کو پھاند جانے پر آمادہ ہو جاتا ہے اور اپنے خدا کو کوسنے لگتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 17. Nay, *10 but you do not honor the orphan. *11 | ہرگز نہیں *10 ۔ بلکہ تم خاطر نہیں کرتے یتیم کی۔ *11 | كَلَّا بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ۙ ﴿١٧﴾ |

*10 That is, this is not all the criterion of honor and disgrace, for the real criterion is the moral good and evil.

10*یعنی یہ عزت اور ذلت کا معیار ہرگز نہیں ہے۔ تم سخت غلط فہمی میں مبتلا ہو کہ اخلاق کی بھلائی اور برائی کے بجائے تم نے اسے معیارِ عزت و ذلت بنا رکھا ہے۔

*11 That is, as long as his father is alive, your treatment of him is attentive and when his rather dies, even the paternal and maternal uncles and the elder brothers, to say nothing of the neighbors and distant relatives, neglect him.

11* یعنی جب تک اس کا باپ زندہ رہتا ہے اس کے ساتھ تمہارا برتاؤ کچھ اور ہوتا ہے اور جب اُس کا باپ مرجاتا ہے تو ہمسائے اور دُور کے رشتہ دار تو درکنار چچا اور ماموں اور بڑے بھائی تک اس سے آنکھیں پھیر لیتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 18. And you do not encourage upon the feeding of needy. *12 | اور نہ ترغیب دیتے ہو کھانا کھلانے کی مسکین کو۔ *12 | وَ لَا تَحٰٓضُّوۡنَ عَلٰی طَعَامِ الۡمِسۡکِیۡنِ ﴿۱۸﴾ |

*12 That is, nobody in your society feels any urge to feed the poor. Neither a man himself feels inclined to feed a hungry person, nor is there among the people any urge to do something to satisfy the hunger of the hungry, nor do they exhort one another to do so.

12*یعنی تمہارے معاشرے میں غریبوں کو کھانا کھلانے کا کوئی چرچا نہیں ہے۔ نہ کوئی خود کسی بھوکے کو کھانا کھلانے پر آمادہ ہوتا ہے، نہ لوگوں میں یہ جذبہ پایا جاتا ہے کہ بھوکوں کی بھوک مٹانے کے لیے کوئی فکر کریں اور ایک دوسرے کو اس کا انتظام کرنے پر اکسائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 19. And you devour the inheritance devouring greedily. *13 | اور کھا جاتے ہو میراث کا مال سارے کا سارا سمیٹ کر۔ *13 | وَ تَاۡکُلُوۡنَ التُّرَاثَ اَکۡلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ |

*13 In Arabia, the women and children were as a rule deprived of inheritance and the people's idea in this regard was that the right to inheritance belonged only to those male members who were fit to fight and safeguard the family. Besides, the one who was more powerful and influential among the heirs of the deceased, would annex the whole inheritance without qualms, and usurp the shares of all those who did not have the power to secure their shares. They did not give any importance to the right and duty so that they should honestly render the right to whom it was due as a duty whether he had the power to secure it or not.

*13 عرب میں عورتوں اور بچوں کو تو میراث سے ویسے ہی محروم رکھا جاتا تھا اور لوگوں کا نظریہ اس باب میں یہ تھا کہ میراث کا حق صرف اُن مردوں کو پہنچتا ہے جو لڑنے اور کنبے کی حفاظت کرنے کے قابل ہوں۔ اس کے علاوہ مرنے والے کے وارثوں میں جو زیادہ طاقتور اور با اثر ہوتا تھا وہ بلا تأمل ساری میراث سمیٹ لیتا تھا اور اُن سب لوگوں کا حصہ مار کھاتا تھا جو اپنا حصہ حاصل کرنے کا بل بوتا نہ رکھتے ہوں۔ حق اور فرض کی کوئی اہمیت ان کی نگاہ میں نہ تھی کہ ایمانداری کے ساتھ اپنا فرض سمجھ کر حقدار کو اُس کا حق دیں خواہ وہ اسے حاصل کرنے کی طاقت رکھتا ہو یا نہ رکھتا ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| 20. And you love the wealth with immense love. *14 | اور بہت محبت رکھتے ہو مال کی جی بھر کے۔ *14 | وَّ تُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّاؕ ﴿۲۰﴾ |

*14 That is, you have no regard for the permissible or the forbidden, the lawful or the unlawful. You feel no qualms about acquiring wealth in any way or by any means, fair or foul, and your greed is never satisfied however much you may have acquired and amassed.

14*یعنی جائز و ناجائز اور حلال و حرام کی تمہیں کوئی فکر نہیں ۔ جس طریقے سے بھی مال حاصل کیا جا سکتا ہو اسے حاصل کرنے میں تمہیں کوئی تأمل نہیں ہوتا۔ اور خواہ کتنا ہی مال مل جائے تمہاری حرص و طمع کی آگ کبھی نہیں بجھتی۔

| | | |
|---|---|---|
| 21. Nay,*15 when the earth is leveled, pounded, crushed. | ہرگز نہیں *15 جب برابر کر دی جائے گی زمین کوٹ کوٹ کر۔ | كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿٢١﴾ |

*15 That is, you are wrong in thinking that you may do whatever you like in your life of the world, but you will never be called to account for it. The meting out of rewards and punishment denying which you have adopted this mode of life, is not anything impossible and fictitious, but it has to come to pass and it will certainly come to pass at the time being mentioned below.

15*یعنی تمہارا یہ خیال غلط ہے کہ تم دنیا میں جیتے جی یہ سب کچھ کرتے رہو اور اس کی باز پرس کا وقت کبھی نہ آئے ۔ جس جزا و سزا کا انکار کر کے تم نے زندگی کا یہ نہج اختیار کر رکھا ہے وہ کوئی انہونی اور خیالی بات نہیں ہے بلکہ وہ پیش آنی ہے اور اس وقت آنی ہے جس کا ذکر آگے آ رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 22. And comes your Lord *16 and the angels rank upon rank. | اور جلوہ فرما ہو گا تمہارا رب *16 اور فرشتے قطار در قطار۔ | وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿٢٢﴾ |

*16 Although literally the words *jaa Rabbuka* mean your Lord will come, obviously there cannot be any question of Allah Almighty's moving from one place to another; therefore, this will inevitably have to be understood as an allegoric expression, which is meant to give an idea that at that time the manifestations of Allah Almighty’s power and

His majesty and sovereignty will appear fully, as, for example, in the world the arrival of a king in person in the court is more awe-inspiring than the mere array of his forces and chiefs and nobles.

*16 اصل الفاظ ہیں جَآءَ رَبُّكَ جن کا لفظی ترجمہ ہے "تیرا ربّ آئے گا۔" لیکن ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا اس لیے لا محالہ اس کو ایک تمثیلی انداز بیان ہی سمجھنا ہو گا جس سے یہ تصوّر دلانا مقصود ہے کہ اُس وقت اللہ تعالیٰ کے اقتدار اور اُس کی سلطانی و قہاری کے آثار اس طرح ظاہر ہوں گے جیسے دنیا میں کسی بادشاہ کے تمام لشکروں اور اعیان سلطنت کی آمد سے وہ رعب طاری نہیں ہوتا جو بادشاہ کے بنفس نفیس خود دربار میں آجانے سے طاری ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 23. And brought, (within view) that Day, is Hell. That Day man shall remember, and what (good) to him is the remembrance. *17 | اور لائی جائے گی (سامنے) اس دن دوزخ ۔ اس دن انسان سوچے گا اور کیا (فائدہ) اسے سوچنے سے *17 ۔ | وَجِایْٓءَ یَوْمَىِٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ۬ یَوْمَىِٕذٍ یَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَ اَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ؕ ﴿۲۳﴾ |

*17 The words in the original can have two meanings: (1) That on that Day man will remember whatever he had done in the world and will regret, but what will remembrance and regretting avail him then.

(2) That on that Day man will take heed and accept admonition: he will realize that whatever he had been told by the Prophets was true and he committed a folly when he did not listen to them; but what will taking heed and accepting the admonition and realizing one's errors avail then.

17*اصل الفاظ ہیں یَوْمَئِذٍ یَّتَذَکَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰی لَہُ الذِّکْرٰی۔ اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ اُس روز انسان یاد کرے گا کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کر کے آیا ہے اور اُس پر نادم ہو گا، مگر اُس وقت یاد کرنے اور نادم ہونے کا کیا فائدہ۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ اُس روز انسان کو ہوش آئے گا، اُسے نصیحت حاصل ہوگی، اُس کی سمجھ میں یہ بات آئے گی کہ جو کچھ اُسے انبیاء نے بتایا تھا وہی صحیح تھا اور اُن کی بات نہ مان کر اُس نے حماقت کی، مگر اُس وقت ہوش میں آنے اور نصیحت پکڑنے اور اپنی غلطی کو سمجھنے کا کیا فائدہ۔

| | | |
|---|---|---|
| 24. He will say: "Would that I had sent in advance for this life of mine." | کہے گا کاش میں نے آگے بھیجا ہوتا اپنی اس زندگی کیلئے ۔ | یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ قَدَّمْتُ لِحَیَاتِیْ ﴿۲۴﴾ |
| 25. Then on that Day, none can punish (as) His punishment, anyone. | تو اس دن نہ عذاب دے گا اس کا (جیسا) عذاب کوئی اور۔ | فَیَوْمَئِذٍ لَّا یُعَذِّبُ عَذَابَہٗۤ اَحَدٌ ﴿۲۵﴾ |
| 26. And none can bind (as) His binding, anyone. | اور نہ جکڑے گا اسکا (جیسا) جکڑنا کوئی اور۔ | وَّلَا یُوْثِقُ وَثَاقَہٗۤ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾ |
| 27. O soul, fully satisfied. *18 | اے جان اطمینان والی۔ *18 | یٰۤاَیَّتُہَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ ﴿۲۷﴾ |

*18 Peaceful and fully satisfied soul: The man who believed in Allah, the One, as his Lord and Sustainer, and adopted the way of life brought by the Prophets as his way of life, with full satisfaction of the heart, and without the least doubt about it, who acknowledged as absolute truth whatever creed and command he received from Allah and

**His Messenger, who withheld himself from whatever he was forbidden by Allah's religion, not unwillingly but with perfect conviction that it was really an evil thing, who offered without sacrifice whatever sacrifice was required to be offered for the sake of the truth, who endured with full peace of mind whatever difficulties, troubles and hardships he met on this way and who felt no remorse on being deprived of the gains and benefits and pleasures in the world which seemed to accrue to those who followed other ways but remained fully satisfied that adherence to true faith had safeguarded him against those errors. This very state has been described at another place in the Quran as *sharh sadr*. (Surah Al-Anaam, Ayat 125).**

18* نفس مطمئن سے مراد وہ انسان ہے جس نے کسی شک و شبے کے بغیر پورے اطمینان اور ٹھنڈے دل کے ساتھ اللہ وحدہ لا شریک کو اپنا ربّ اور انبیاء کے لائے ہوئے دین حق کو اپنا دین قرار دیا، جو عقیدہ اور جو حکم بھی اللہ اور اس کے رسول ؐ سے ملا اور اُسے سراسر حق مانا، جس چیز سے بھی اللہ کے دین نے منع کیا اُس سے بادل نا خواستہ نہیں بلکہ اس یقین کے ساتھ رُک گیا کہ فی الواقع وہ بری چیز ہے، جس قربانی کی بھی حق پرستی کی راہ میں ضرورت پیش آئی بے دریغ اُسے پیش کر دیا، جن مشکلات اور تکالیف اور مصائب سے بھی اس راہ میں سابقہ درپیش ہوا اُنھیں سکونِ قلب کے ساتھ برداشت کیا، اور دوسرے راستوں پر چلنے والوں کو دنیا میں جو فوائد اور منافع اور لذائذ حاصل ہوتے نظر آرہے تھے ان سے محروم رہ جانے پر اسے کوئی حسرت لاحق نہ ہوئی بلکہ وہ اس بات پر پوری طرح مطمئن رہا کہ دین حق کی پیروی نے اسے ان گندگیوں سے محفوظ رکھا ہے۔ اِسی کیفیت کو دوسری جگہ قرآن پاک میں شرحِ صدر سے تعبیر کیا گیا ہے (الانعام، آیت ۱۲۵)۔

| | | |
|---|---|---|
| ارْجِعِيٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۚ ﴿۲۸﴾ | واپس لوٹ اپنے رب کی طرف تو اس سے راضی وہ تجھ ۔ *19 | **28. Return to your Lord, well pleased, and well** *19 |

| | | |
|---|---|---|
| pleasing. | سے راضی۔ | |

*19 This he will be told at the time of his death as well as on the Day of Resurrection when he will rise from the dead and move towards the Plain of Assembly and also on the occasion when he will be presented in the divine court. At every stage he will be assured that he is moving towards the Mercy of Allah Almighty.

*19 یہ بات اُس سے موت کے وقت بھی کہی جائے گی، قیامت کے روز جب وہ دوبارہ اُٹھ کر میدانِ حشر کی طرف چلے گا اُس وقت بھی کہی جائے گی اور جب اللہ کی عدالت میں پیشی کا موقع آئے گا اُس وقت بھی کہی جائے گی۔ ہر مرحلے پر اُسے اطمینان دلایا جائے گا کہ وہ اللہ کی رحمت کی طرف جا رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 29. So enter among My servants. | سو تو شامل ہو جا میرے بندوں میں۔ | فَادۡخُلِیۡ فِیۡ عِبٰدِیۡ ۙ﴿۲۹﴾ |
| 30. And enter My Paradise. | اور داخل ہو جا میری بہشت میں ۔ | وَادۡخُلِیۡ جَنَّتِیۡ ﴿۳۰﴾ |